امامِ امامت

〈فضائلِ مولا حسن مجتبیٰ جل جلالہ جل شانہ〉

مولف

غلامِ علی

انجمنِ تحفظِ بنیادی عقائد شیعہ پاکستان

امامِ امامت

〈فضائلِ مولا حسن مجتبیٰ جل جلالہ جل شانہ〉

مولف

غلامِ علی

انجمنِ تحفظِ بنیادی عقائد شیعہ پاکستان

پیش لفظ

ہر حمد ہے خلاقِ توحید، خالقِ ایمان، رزاق عالمین، پروردگارِ تمام مخلوقات ،رہبر کائنات، معبودِ اعظم، مسجودِ حقیقی، رب الارباب، مسبب الاسباب، صاحب و مالکِ یوم الدین مولائے کُل، امامِ حق علی المرتضیٰ جل جلالہ جل شانہ کے لیے۔۔۔

بے شمار و بے حساب درود و سلام محمدؐ و آل محمدؐ پر۔۔۔

مودتِ معصومینؑ ۲-۱، بحر الفضل، مرگ بر مقصرین، مومن کا عقیدہ، فیضانِ ولایت ، اسیرِ ناموسِ تبرا، عقائدِ جعفریہ، ناموسِ رسالت اور مسلمان، بے عجز بندگی کہ علیؑ کو خدا کہوں (جلد ۱)، معراج العزا، لمحۂ فکریہ، قندیلِ معرفت، گنجینۂ مودت، تذکرۂ حق، Blasphemy And Muslims، فضائل حیدری، عظمتِ نادعلی، جو مجھ پر بیتی، معدنِ بقا، کلماتِ حق، فصلِ ذوالجلال، شمعِ عشق، عقیدے کی جنگ، اعتقاداتِ شیعہ، عرش، علی اللہ جل جلالہ جل شانہ ، بے عجز بندگی کہ علیؑ کو خدا کہوں (جلد ۲)، ضامنِ توحید، سکون عالمین، ضربِ مختار، سلطانِ واحد، ابوالاسلام، جامِ انوار، رب العزا، پوسٹ مارٹم، توحید در زندان، انا عبدِ علی المرتضیٰ، مسکنِ نبوت و ولایت، حمد علی، گوہر ولایت، Divine Reality Of Welayat E Mutliqa، رب الانبیا، مخزن المعارف، معدنِ عشق، حسینؑ شافی حسینؑ کافی، محفلِ تبرا شریف، رب العابدین،

اسرارِ عشق، خلاقِ توحید علی جل جلالہ جل شانہ، ۵۰ کتابوں کا سفر، طوافِ کربلا، حاجت روائے اکبر، Hussain-jj The Omniscience اور فنا در عشقِ علی جل جلالہ، تعلیمات امامیہ کے بعد ''امامِ امامت'' میری اٹھاونویں کتاب کی صورت میں بارگاہِ محمدؐ و آلِ محمدؐ میں حاضر ہے۔۔اس کتاب میں میں نے امام حسن جل جلالہ جل شانہ کے بے حساب فضائل میں سے چند کو شامل کرنے کی کوشش کی ہے۔۔کئی کتابوں کا مطالعہ کر کے چند خاص اور عظیم موتی میں نے اپنی اس کتاب میں شامل کیے ہیں۔۔مقصر ملا و مولوی تو تمام ہی معصومینؑ کے فضائل کو چھپانے اور گھٹانے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔۔مگر مولا امام حسنؑ کے فضائل کو ملا و مولوی زیادہ چھپاتے ہیں اور عام طور پر تحاریر و تقاریر کے ذریعے مولا امام حسنؑ کے فضائل بیان نہیں کرتے۔۔لعنت ہے ان تمام افراد پر جو معصومینؑ کے فضائل کو چھپاتے ہیں یا معصومینؑ کے فضائل پر شک کرتے ہیں۔۔

میری آخر میں بارگاہ محمدؐ و آل محمدؐ میں دعا ہے کہ محمدؐ و آل محمدؐ میری اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول، مقبول اور منظور فرمایں۔۔آمین۔۔یا علیؑ رب العالمین۔۔

ناشرِ تبرا

غلامِ علی

Contact Twitter.com/Ghulameali110

Twitter.com/Ghulameali90

مالکِ موت

آیت اللہ العظمٰی رہبر معظم امام حق مولا حسن جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا ہر قسم کی موت کی کنجیاں میرے ہاتھ میں ہیں۔۔۔ جو بھی جہاں بھی مرتا ہے میرے حکم اور مرضی سے مرتا ہے۔۔ موت میرا امر ہے۔۔ ہر وجود کے پروانۂ مرگ پر مہر تصدیق میں لگاتا ہوں۔۔ موت میری ادنیٰ غلام ہے۔۔ موت میری عبد ہے۔۔ موت میری عبادت کرتی ہے اور میرا ویسے طواف کرتی ہے جیسے حاجی کعبے کا طواف کرتے ہیں۔۔ ہر مخلوق میرے حکم سے مرتی ہے۔۔ جسم میرے حکم پر مرتا ہے۔۔ روح میرے حکم پر مرتی ہے۔۔۔ نفس میرے حکم پر مرتا ہے۔۔۔ ہر شہ میرے حکم پر موت پاتی ہے۔۔ موت میرے دشمنوں پر بہت سخت اور میرے حبداروں پر انتہائی نرم ہے۔۔ جو میرا حُبدار ہوتا ہے وہ مرتا نہیں ہے وہ شہید ہوتا ہے اور میں اپنے حُبدار کو شہادت کی موت دے کر ہمیشہ زندہ رکھتا ہوں اور اُسے رزق بھی عطا کرتا ہوں۔۔ جو میرا حُبدار نہیں ہے اس کے لیے موت بے حد دشوار اور سخت ہے۔۔ میرا حُبدار کبھی بھی موت سے ڈرتا یا گھبراتا نہیں ہے۔۔ میرا حُبدار ہمیشہ موت کا ایسے استقبال کرتا ہے جیسے کوئی اپنی عزیز ہستی کا استقبال کرتا ہے۔۔ اور جو میرا حُبدار نہیں ہے وہ موت سے گھبراتا اور ڈرتا ہے۔۔ ایک وہ وقت آئے گا جب میں تمام عالمین کو موت دے دوں گا۔۔ عالمین میں کوئی شہ زندہ نہ رہے گی ہر شہ پر ہر مخلوق پر موت غالب آ جائے گی۔۔ میرے حکم پر سرخ موت اور زرد موت ظاہر ہونگی اور تمام عالمین پر غلبہ پالیں گی۔۔ زمین، آسماں، چاند، ستارے، سمندر، ریگزستان، جنگل، دریا، پہاڑ، سورج سب کے سب موت کے دامن میں چلے جائیں گے۔۔

(۵)

آخر وہ وقت بھی آئے گا جب میں موت کو موت دے دوں گا۔۔سب ختم ہو جائے گا مگر باقی رہیں گے تو ہم (معصومینؑ) باقی رہیں گے جو ہمیشہ سے تھے۔۔اور ہمیشہ رہیں گے۔۔ہم ہی موت و حیات کے خالق، مالک اور پروردگار ہیں۔۔

(حوالہ: نفسِ محمدیہ، صفحہ ۲۰۷)

تاجدار توحید ، رسالت اور امامت

آیت اللہ العظمیٰ رہبر معظم امام حق مولا جعفر صادق جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا توحید، رسالت اور امامت کے تاجدارِ عظیم حسن ابن علی جل جلالہ جل شانہ ہیں۔۔توحید رسالت اور امامت ذاتِ امام حسنؑ میں یکجا ہوتے ہیں۔۔

(حوالہ: مدحتِ حسنی، صفحہ ۲۰۰)

قوتِ مولا امام حسن جل جلالہ

ایک شب جناب مختارؑ آیت اللہ العظمیٰ رہبر معظم امام حق مولا حسن جل جلالہ جل شانہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا کہ مولا مجھے عالمین پر اپنے تصرف کی ایک جھلک دکھایں۔۔ امام حسنؑ کھلے میدان میں آئے اور مغرب کی جانب سے مشرق کی طرف چلنا شروع کیا۔۔ جیسے جیسے امامؑ نے چلنا شروع کیا ویسے ویسے مغرب سے سورج طلوع ہونے لگا۔۔ جس سمت امامؑ جاتے سورج پیچھے چلتا۔۔ اسی طرح چاند ستارے بھی امام حسنؑ کے پیچھے پیچھے چلنا شروع ہوگئے۔۔ سارے حیوانات بھی امام حسنؑ کے پیچھے پیچھے چلنا شروع ہوگئے۔۔ درخت، پیڑ، پودے بھی امامؑ کے پیچھے پیچھے چلنے لگے۔۔ ہواوں اور سمندروں نے بھی امامؑ کے پیچھے چلنا شروع کیا۔۔ جنات اور انسانوں نے بھی امام حسنؑ کے پیچھے چلنا شروع کیا۔۔ عالمین کی ہر شہ نے، زرے زرے نے امام حسنؑ کی اقتدا میں امام کے پیچھے چلنا شروع کیا۔۔ امام حسنؑ سات بار مغرب سے مشرق کی جانب گئے اور سات بار مشرق سے مغرب کی جانب آئے۔۔ اس دوران کائنات کی ہر شہ امامؑ کے پیچھے پیچھے چلتی رہی۔۔ پھر امامؑ رُکے اور فرمایا اے مختار یہ ہے امامت کے تصرف کی ایک جھلک۔۔ ہم چاہیں تو قیامت تک تمام عالمین کو اپنے پیچھے پیچھے چلاتے رہیں۔۔ یہ امامؑ کی طاقت ہوتی ہے کہ تمام کائنات اس کے پیچھے چلتی ہے۔۔ وقت کے امام کی اقتدا کرنا ہر شہ پر لازم ہے۔۔ امامِ وقت کی صدا پر لبیک کہنا ہر مخلوق پر واجب ہے۔۔ یہ تو ہمارے تصرف اور طاقت کی ایک چھوٹی سی جھلک ہے۔۔

اے مختار تم نے تو صرف اُن مخلوقات کو ہمارے پیچھے چلتے دیکھا جو تم کو نظر آ سکتی ہیں۔۔ تم نہیں جانتے مختار کہ جب ہم چلتے ہیں تو فرشتے بھی ہمارے پیچھے ہوتے ہیں۔۔ انبیا بھی ہمارے پیچھے چلتے ہیں اور خدا بھی ہمارے پیچھے پیچھے ہوتا ہے۔۔ جناب مختارؒ نے امام حسنؑ کی گفتگو سنی تو اسی وقت مولا حسنؑ کے قدموں پر سجدہ کیا اور کہا بیشک آپ ہی سب سے بزرگ و برتر ہیں اور تمام تر حمد و سلام ہیں آپ کے لیے۔۔

(حوالہ: نفس محمدیہ: صفحہ ۶۲)

موجدِ عشق

آیت اللہ العظمٰی رہبر معظم امام حق مولا علی زین العابدین جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا۔۔ نورِ عشق کے موجد مولا امام حسن جل جلالہ جل شانہ ہیں۔۔ عشق کے تمام اجزا کو حسن ابن علیؑ نے ایجاد کیا۔۔ عشق کی تمام نورانی اقسام کو پالنے والے حسنؑ ہیں۔۔ عشق کو طہارت، پاکیزگی، نورانیت اور لطافت مولا حسنؑ نے عطا کیں۔۔ امام حسنؑ حقیقی عشق کے رب ہیں۔۔

(حوالہ: عظمتِ آل زہراؑ، صفحہ ۸۰۴)

مولا حسنؑ کے دشمنوں پر لعنت

آیت اللہ العظمیٰ رہبر معظم احمدِ مصطفیٰ محمد رسول اللہ جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا۔۔لعنت ہے اس پر جو حسنؑ سے جنگ کرے۔۔لعنت ہے اس پر جو حسنؑ سے لڑنے کا ارادہ رکھے۔۔لعنت ہے حسنؑ کے ہر دشمن پر۔۔لعنت ہے اس پر جو حسنؑ کی نافرمانی کرے۔۔لعنت ہے اس پر جو حسنؑ کی شان میں گستاخی کرے۔۔لعنت ہے اس پر جو حسنؑ کو کمزور سمجھے۔۔لعنت ہے اس پر جو حسنؑ کے فیصلوں پر اعتراض کرے۔۔لعنت ہے اس پر جو حسنؑ کے حکم کا انکار کرے۔۔

(حوالہ: قدیم الاحسان، جلد ا، صفحہ ۹)

حرکت و سکوتِ زمین

آیت اللہ العظمیٰ رہبر معظم امام حق مولا حسن جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا۔۔یہ جو کرۂ زمین حرکت کرتا ہے یہ میرے حکم سے حرکت کرتا ہے۔۔میں نے زمین کو حرکت کرنا سکھایا اور میں نے ہی زمین کو حرکت کرنے کا حکم دیا اور زمین نے میرے امر سے حرکت کی۔۔اور وہ وقت بھی آئے گا جب میں زمین کی حرکت کو روک دوں گا اور پھر زمین کبھی نہ حرکت کر پائے گی۔۔

(حوالہ: قدیم الاحسان، جلد ۲، صفحہ ۷)

مصیبت زدوں کی سجدہ گاہ

آیت اللہ العظمٰی رہبر معظم امام حق جعفر صادق جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا۔۔ بارگاہِ امام حسن جل جلالہ تمام مصیبت زدہ لوگوں کی سجدہ گاہ ہے۔۔ جو مصیبت زدہ مولا امام حسنؑ کے در پر سجدہ ریز ہوتا ہے اس کی ہر مصیبت ہلاک ہو جاتی ہے۔۔ امام حسنؑ مصیبتوں کو ہلاک کرنے والے ہیں۔۔ مصیبتوں سے نجات چاہتے ہو تو مولا امام حسنؑ کے در پر سجدہ کرو۔۔

(حوالہ: سلطانِ امان، صفحہ ۷۰)

دستر خوان امام حسن جل جلالہ جل شانہ

جناب مالک اشترؓ نے ایک روز آیت اللہ العظمٰی رہبر معظم امام حق مولا حسن جل جلالہ جل شانہ سے سوال کیا کہ یا مولا حسنؑ آپ کا جو یہ عظیم الشان دستر خوان ہے جہاں ہر قسم کے رزق کا انبار لگا ہوا ہے۔۔ یہاں سے کون کون رزق پاتا ہے۔۔؟ امام حسن جل جلالہ جل شانہ نے جواب دیا ہر وجود جو موجود ہے وہ میرے در سے رزق پاتا ہے۔۔ خدا میرے دستر خواں سے رزق پاتا ہے۔۔ انبیا میرے دستر خواں سے رزق پاتے ہیں۔۔ فرشتے میرے دستر خواں سے رزق پاتے ہیں۔۔ جنات میرے دستر خواں سے رزق پاتے ہیں۔۔ انسان میرے دستر خواں سے رزق پاتے ہیں۔۔ حیوان میرے دستر خواں سے رزق پاتے ہیں۔۔

جمادات میرے دستر خواں سے رزق پاتے ہیں۔۔ ہر عالَم میرے دستر خواں سے رزق پاتا ہے۔۔ تمام مخلوقات میرے دستر خواں سے رزق پاتی ہیں۔۔ جو کچھ ہے جہاں بھی ہے وہ میرے دستر خواں سے رزق پاتا ہے۔۔

(حوالہ: قدیم الاحسان، جلد ۲، صفحہ ۹۹)

امامِ امامت

آیت اللہ العظمیٰ رہبر معظم امام حق مولا محمد باقر جل جلالہ جل شانہ نے مولا امام حسن جل جلالہ جل شانہ کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا مولا امام حسنؑ تمام اماموں کے امام ہیں۔۔ مولا امام حسنؑ امامت کے امام ہیں۔۔ مولا حسنؑ وہ امام ہیں جن کی تعظیم کے لیے امامتیں کھڑی ہو جاتی ہیں۔۔

(حوالہ: عظمتِ آلِ زہراؑ، صفحہ ۳۰۴)

فضائلِ مولا حسن مجتبیٰ جل جلالہ

آیت اللہ العظمیٰ رہبر معظم امام حق مولا حسن جل جلالہ جل شانہ نے فرمایا۔۔ مجھے اللہ نے بے پناہ اختیارات سے نوازا ہے۔۔ میں چاہوں تو شمال کو جنوب میں اور جنوب کو شمال میں بدل دوں۔۔ میں چاہوں تو آسمان کو زمین پر اور زمین کو آسمان پر لے جاؤں۔۔ میں چاہوں تو جنت کو جہنم میں اور جہنم کو جنت میں بدل دوں۔۔ میں چاہوں تو عرب کو عجم میں اور عجم کو عرب میں بدل دوں۔۔ میں چاہوں تو مرد کو عورت میں اور عورت کو مرد میں بدل دوں۔۔ میں اتنا اختیار رکھتا ہوں کہ ایک لمحے میں دنیا کو نیست ونابود کردوں اور اگلے ہی لمحے میں اس سے زیادہ حسین دنیا قائم کردوں۔۔ میں اللہ کے تمام تر جاہ و جلال کا مالک ہوں۔۔ میں رحمتوں کا امیر اور سردار ہوں۔۔

(حوالہ: جلوہ احسن، صفحہ ۵۷۷، طبع قم، مولف: احمد حسین کربلائی)

ناشرِ تبرا غلام علی کی دیگر معرکۃ الارا کتب کی فہرست

۱. مودتِ معصومینؑ
۲. مودتِ معصومینؑ (۲)
۳. بحر الفضل
۴. مرگ بر مفسرین
۵. مومن کا عقیدہ
۶. فیضانِ ولایت
۷. اسیرِ ناموسِ تبرا
۸. ناموسِ رسالت اور مسلمان
۹. عقائدِ جعفریہ
۱۰. ہے عجز بندگی کہ علیؑ کو خدا کہوں (جلد ۱)
۱۱. لمحۂ فکریہ
۱۲. معراج العزا
۱۳. گنجینۂ مودت
۱۴. قندیلِ معرفت
۱۵. تذکرۂ حق
۱۶. Blasphemy And Muslims
۱۷. فضائلِ حیدری
۱۸. عظمتِ نادِ علی
۱۹. جو مجھ پر بیتی
۲۰. معدنِ سخا
۲۱. کلماتِ حق
۲۲. فضلِ ذوالجلال
۲۳. شمعِ عشق
۲۴. عقیدے کی جنگ
۲۵. عرش
۲۶. اعتقاداتِ شیعہ
۲۷. علی اللہ (جل جلالہ جل شانہ)
۲۸. ہے عجز بندگی کہ علیؑ کو خدا کہوں (جلد ۲)
۲۹. خاصِ توحید
۳۰. سکونِ عالمین
۳۱. ضربِ مختار
۳۲. سلطانِ واجد
۳۳. ابوالسلام
۳۴. جامِ انوار
۳۵. رب العزا
۳۶. یوسفؑ ماتم
۳۷. توحید دَرْ زندان
۳۸. انا عبد علی المرتضیٰ
۳۹. مسکنِ نبوت و ولایت
۴۰. حمدِ علیؑ
۴۱. گوہرِ ولایت
۴۲. Divine Reality of Welayat E Mutliqa
۴۳. ربِ الانبیا
۴۴. متونِ المعارف
۴۵. حسینؑ شافی حسینؑ کافی
۴۶. معدنِ عشق
۴۷. محفلِ تبرا شریف
۴۸. رب العابدین
۴۹. اسرارِ عشق
۵۰. خالقِ توحید علی جل جلالہ جل شانہ
۵۱. ۵۰ کتابوں کا سفر
۵۲. طوافِ کربلا
۵۳. حاجت روائے اکبر
۵۴. Hussain-jj The Omniscience
۵۵. اسرارِ درود
۵۶. خدا در عشق علی جل جلالہ جل شانہ
۵۷. تعلیماتِ امامیہ
۵۸. امامِ امامت